از دفتر — انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب — جملہ سپرنٹنڈنٹس جیلز صاحبان ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/شعبہ ٹھیکہ/2025/ 3004-47 مورخہ 03/04/25

عنوان:- **ہدایات بابت کیے جانے آپریشنل آٹا چکیاں اور پسائی گندم**

بحوالہ دفتر ہذا سرکلر نمبری 2025/08 جاری شدہ چٹھی نمبری 637-10594 مورخہ 03.02.2025 بعنوان بالا جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ حکومت پنجاب نے محکمہ جیل خانہ جات کے لئے گندم کا کوٹہ مختص کر دیا ہے اور آئندہ چند روز میں محکمہ خوراک کی طرف سے گندم کی سپلائی شروع ہو جائے گی تاکہ اسیران کو خالص گندم آٹا کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ مزید یہ کہ پنجاب کی تقریباً تمام جیلوں پر گندم پسائی کے لیے آٹا چکیاں کی تنصیب کا عمل مکمل ہو چکا ہے۔

اس ضمن میں آپ کو درج ذیل ہدایات جاری کی جا رہی ہیں جن پر من و عن عمل یقینی بنائیں تاکہ اسیران کو معیاری اور حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق روٹی فراہم کی جائے:-

| نمبر شمار | سرگرمی | ذمہ داری |
|---|---|---|
| .1 | محکمہ خوراک کے گودام سے صاف ستھری FAQ گندم کی وصولی | محکمہ خوراک کے ساتھ MOU کے ذریعے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے (کاپی MOU لف ہے) جس میں ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر یا اس کا نمائندہ اور متعلقہ سپرنٹنڈنٹ جیل شامل ہوں گے تاہم سٹور کیپر بھی اس کمیٹی کا Co-opted ممبر ہوگا۔ متعلقہ کمیٹی محکمہ خوراک کی طرف سے متعین کردہ PR سنٹر پر موجود گندم (جو گوداموں کے اندر سٹاک میں ہوگی) برائے مختص جیل کا معائنہ کرے گی اور سٹاک میں سے سیمپل لے کر لیب کروائی جائے گی لیب درست آنے پر صاف ستھری FAQ گندم بمطابق ضرورت اور سٹور کیپسٹی ماہانہ بنیادوں وصول کرنے کی پابند ہوگی۔ |
| .2 | جیل ہذا میں ضرورت کے مطابق آٹا بنانے کے لیے گندم کی صفائی کے اہتمام کے لیے ہر جیل پر 30x30 فٹ کا ترپال ہونا چاہیے | سپرنٹنڈنٹ جیل، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل (ایگزیکٹیو)، سٹور کیپر اور انچارج سنٹرل ٹاور ترپال کی حفاظت اور گندم کی صفائی کے اہتمام کو یقینی بنانے کے ذمہ دار ہوں گے۔ |
| .3 | گریڈر کے ذریعے گندم کی صفائی | سپرنٹنڈنٹ جیل، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل (ایگزیکٹیو)، سٹور کیپر اور انچارج سنٹرل ٹاور گندم کی صفائی کے ذمہ دار ہوں گے۔ |
| .4 | جیل پر ہمہ وقت 10 روز کی ضروریات کے مطابق آٹا گندم کی دستیابی اور 50 کلو گرام کے تھیلوں میں صافی بھرائی | سپرنٹنڈنٹ جیل، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل (ایگزیکٹیو)، سٹور کیپر اور انچارج سنٹرل ٹاور آٹا گندم کی دستیابی کو یقینی بنانے کے ذمہ دار ہوں گے۔ |
| .5 | آٹا چکی کی دیکھ بھال اور مرمت | سپرنٹنڈنٹ جیل، ڈپٹی سپرنٹ جیل (ایگزیکٹیو) اور سٹور کیپر۔ تاہم جن سٹاف نے آٹا چکی کو آپریٹ (Operate) اور Maintain کرنے کی ٹریننگ ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا سے حاصل کی ہے ان پر بھی ذمہ داری عائد ہوگی کہ وہ چکی کی حفاظت و |

| نمبر شمار | سرگرمی | ذمہ داری |
|---|---|---|
| | | مرمت کا خصوصی خیال رکھیں گے۔ |
| 6. | آٹا چکی کی لاگ بک | آٹا چکی آپریٹر اور سٹور کیپر نے لاگ بک تیار کریں گے جس کو روزانہ کے بنیاد پر ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل (ایگزیکٹیو) اور سپرنٹنڈنٹ جیل چیک کر کے اپنے دستخط ثبت کریں گے۔ |
| 7. | فوکل پرسن برائے آٹا چکیاں | ڈائریکٹر پنجاب پریزن فاونڈیشن، لاہور کو تمام جیلوں پر نصب شدہ آٹا چکیوں کا فوکل پرسن نامزد کیا گیا ہے تاکہ وہ آٹا چکیوں کے آپریشن کو مونیٹر کرے گا اور کسی بھی جیل پر آٹا چکی یا گریڈر میں خرابی آنے کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ ٹھیکیدار سے رابطہ کر کے چوبیس گھنٹے کے اندر مشین کو آپریشن حالت میں لائے گا تاکہ جیلوں پر آٹا پسائی کے عمل میں خلل نہ ہو۔ |

تمام سپرنٹنڈنٹس صاحبان مذکورہ بالا ہدایات پر عملدرآمد کے لیے تمام ضروری اقدامات مکمل کرلیں تاکہ گندم کی پسائی کا عمل شروع ہوتے وقت کسی قسم کی رکاوٹ نہ ہو۔

سرکلر ہذا کی وصولی سے مطلع کریں۔

ڈی۔آئی۔جی (ہیڈ کوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

تظہیری نمبری 30048-57 مورخہ 3/4/25

کاپی برائے اطلاع وضروری کاروائی جملہ ڈی۔آئی۔جی۔صاحبان ہائے پنجاب مرسل ہوئے۔

کاپی برائے اطلاع وضروری کاروائی ڈائریکٹر پنجاب پریزن فاونڈیشن، لاہور اس ہدایت کے ساتھ کہ وہ آٹا چکیوں کا ایک وٹس گروپ تشکیل دیں گے اور روزانہ کی بنیاد پر آٹا چکیوں کی آپریشن کے حوالے سے مجاز اتھارٹی کو رپورٹ پیش کریں گے۔

ڈی۔آئی۔جی (ہیڈ کوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

سرکلر نمبر/2025/ 29

| | |
|---|---|
| ازدفتر | انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور |
| بجناب | جملہ سپرنٹنڈنٹس جیلز صاحبان ہائے پنجاب |

چٹھی نمبری/ شعبہ ٹیکہ /2025/ 32687-730 مورخہ 15/04/25

عنوان:- **ہدایات بابت اٹھوائے جانے گندم محکمہ خوراک سے اور گندم کی پسائی کا عمل**

بحوالہ دفتر ہذا سرکلر نمبری 2025/08 جاری شدہ چٹھی نمبری 637-10594 مورخہ 03.02.2025 بعنوان بالا
اس ضمن میں تحریر ہے کہ محکمہ خوراک پنجاب نے بذریعہ چٹھی No. ADF-1 (Supply) 2023/ مورخہ 14.04.2025 کے تحت پنجاب کی جیلوں کو گندم ریلیز کرنے کی بابت آرڈر جاری کر دیا ہے (کاپی لف ہے)

اس ضمن میں آپ کو درج ذیل ہدایات جاری کی جا رہی ہیں جن پر من و عن عمل یقینی بنائیں:-

| | |
|---|---|
| 1- | محکمہ خوراک کی طرف سے تمام جیلوں کو ایک ماہ کی ضروریات کے تحت گندم ریلیز کی جاری رہی ہے جس کی تفصیل لف ہے لہٰذا تمام سپرنٹنڈنٹس جیلز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ فوری پر اپنے ضلع کے ڈپٹی ڈائریکٹر فوڈز سے فوری طور پر رابطہ کریں اور متعلقہ سنٹر سے گندم اٹھوانے کا اہتمام کریں |
| 2- | جس جیل کے قریب محکمہ خوراک کا سنٹر ہو وہاں سے گندم جیل کی ٹریکٹر ٹرالی سے وزن کروا کر وصول کی جائے گی اور جس جیل سے سنٹر دور ہو گا وہاں سے پرائیویٹ لوڈر گاڑیوں میں گندم کم سے کم کرایہ پر منگوائی جائے گی اور اس سلسلہ میں ٹرانسپورٹیشن ہیڈ میں بجٹ ڈیمانڈ کیا جائے اس بابت ایک رجسٹر مرتب کیا جائے گا جس میں گندم اٹھانے کی تاریخ اور پرائیویٹ گاڑیوں کے کرایہ کا مکمل ریکارڈ ہو گا جس پر سپرنٹنڈنٹ جیل اپنے دستخط ثبت کرے گا جس کو اچانک اور شیڈول دوروں کے موقع پر چیک کیا جائے گا۔ |
| 3- | محکمہ خوراک کے ساتھ MOU کے ذریعے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے (کاپی MOU لف ہے) جس میں ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر یا اس کا نمائندہ اور متعلقہ سپرنٹنڈنٹ جیل شامل ہوں گے تاہم سٹور کیپر بھی اس کمیٹی کا Co-opted ممبر ہو گا۔ متعلقہ کمیٹی محکمہ خوراک کی طرف سے متعین کردہ PR سنٹر پر موجود گندم (جو گوداموں کے اندر سٹاک میں ہو گی) برائے مختص جیل کا معائنہ کرے گی اور سٹاک میں سے سیمپل لے کر لیب کروائی جائے گی لیب درست آنے پر صاف ستھری FAQ گندم بمطابق ضرورت اور سٹور کیپیسٹی ماہانہ بنیادوں وصول کرنے کی پابند ہو گی۔ |
| 4- | مندرجہ ذیل کمیٹیوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ سرکلر نمبر 2025/08 (میمو نمبر 637-10594 مورخہ 03.02.2025) اور سرکلر نمبر 2025/28 (میمو نمبر 47-30004 مورخہ 03.04.2025) کے مطابق گندم (FAQ) کی درست انتخاب اور اٹھان کو یقینی بنائیں:<br>• سپرنٹنڈنٹ جیل<br>• ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر / ڈپٹی ڈائریکٹر فوڈ یا ان کے دفتر کے ایک یا زائد نمائندگان<br>• متعلقہ جیل کا اسٹور کیپر |
| 5- | سپرنٹنڈنٹس جیل کو ہدایت کی جاتی ہے کہ گندم (FAQ) کی لفٹنگ صرف فوڈ ڈیپارٹمنٹ کے گوداموں کے اندر سے کی جائے۔ اٹھائی جانے والی گندم صاف، کیڑے مکوڑوں اور گرد سے پاک اور کسی بھی قسم کی گندگی یا غیر متعلقہ مواد سے خالی ہو۔ اس کے علاوہ، وزن کی درستگی بھی یقینی بنائی جائے تاکہ کسی قسم کی کمی واقع نہ ہو۔ |
| 6- | گندم کو ترپال پر بچھا کر مینوئل صفائی کروائی جائے گی اس کے بعد گریڈر پر صفائی کروائی جائے گی اور گندم پسائی کے بعد بوریوں میں پیک کرنے کے تمام مراحل کی ویڈیوز بنائی جائیں گی اور واٹس گروپ میں شیئر کی جائیں گی۔ ویڈیو کا دورانیہ تقریباً 03 سے 04 منٹ کا ہو گا۔ |
| 7- | سپرنٹنڈنٹ جیل، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل (ایگزیکٹیو) اور سٹور کیپر۔ تاہم جن سٹاف نے آٹا چکی کو آپریٹ (Operate) اور Maintain کرنے کی ٹریننگ ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا سے حاصل کی ہے ان پر بھی ذمہ داری عائد ہو گی کہ وہ چکی کی حفاظت و مرمت کا خصوصی خیال رکھیں گے۔ |

CamScanner

| | |
|---|---|
| 8- | سپرنٹنڈنٹ جیل، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل (ایگزیکٹیو)، سٹور کیپر اور انچارج سنٹرل ناور آٹا گندم کی دستیابی کو یقینی بنانے کے ذمہ دار ہوں گے۔ |
| 9- | آٹا چکی آپریٹر اور سٹور کیپر نے لاگ بک تیار کریں گے جس کو روزانہ کے بنیاد پر ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل (ایگزیکٹیو) اور سپرنٹنڈنٹ جیل چیک کر کے اپنے دستخط ثبت کریں گے۔ |
| 10- | 30x30 سائز کی درآمد شدہ پلاسٹک ترپال پہلے ہی متعلقہ جیلوں کو فراہم کی جا چکی ہے، نیز گندم پیسنے والی مشینیں بھی نصب کی جا چکی ہیں۔ لہٰذا سپرنٹنڈنٹس جیلز صاحبان سے گزارش ہے کہ وہ ترپال اور مشین کو مکمل تیاری میں رکھیں تاکہ گندم کی پسائی کا عمل بطریق احسن انجام دیا جا سکے۔ |
| 11- | ڈائریکٹر پنجاب پریژن فاونڈیشن، لاہور کو تمام جیلوں پر نصب شدہ آٹا چکیوں کا فوکل پرسن نامزد کیا گیا ہے تاکہ وہ آٹا چکیوں کے آپریشن کو مونیٹر کرے گا اور کسی بھی جیل پر آٹا چکی یا گریڈر میں خرابی آنے کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ ٹھیکیدار سے رابطہ کر کے چوبیس گھنٹے کے اندر مشین کو آپریشن حالت میں لائے گا تاکہ جیلوں پر آٹا پسائی کے عمل میں خلل نہ ہو۔ مزید یہ کہ ڈائریکٹر پنجاب پریژن فاونڈیشن متعلقہ فرم / ٹھیکیدار سے ٹیکنیکل ٹیم کی لسٹ بمعہ رابطہ نمبر مہیا کرے گا جو کہ پنجاب بھر کی جیلوں میں جہاں بھی آٹا چکی خراب ہو گی اس کو فوری طور ٹھیک کرنے کی پابند ہو گی |

تمام سپرنٹنڈنٹس صاحبان مذکورہ بالا ہدایات پر عملدرآمد کے لیے تمام ضروری اقدامات مکمل کر لیں تاکہ گندم کی پسائی کا عمل شروع ہوتے وقت کسی قسم کی رکاوٹ نہ ہو۔

سرکلر ہذا کی وصولی سے مطلع کریں۔

ڈی۔ آئی۔ جی (ہیڈ کوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

تطہیری نمبری / شعبہ ٹھیکہ / 2025 / 3273/-40 مورخہ 15/4/25

1- کاپی برائے اطلاع و ضروری کاروائی جملہ ڈی۔ آئی۔ جی۔ صاحبان ہائے پنجاب مرسل ہوئے۔

2- کاپی برائے اطلاع و ضروری کاروائی ڈائریکٹر پنجاب پریژن فاونڈیشن، لاہور اس ہدایت کے ساتھ کہ وہ آٹا چکیوں کا ایک ولس گروپ تشکیل دیں گے اور روزانہ کی بنیاد پر آٹا چکیوں کی آپریشن کے حوالے سے مجاز اتھارٹی کو رپورٹ پیش کریں گے۔

3- کاپی برائے اطلاع و ضروری کاروائی انچارج CMMC اس ہدایت کے ساتھ کہ وہ ایک ولس گروپ تشکیل دیں جس میں پنجاب کی متعلقہ جیلوں سے گندم کی صفائی سے لے کر پسائی اور بوریوں میں بھرائی تک کے تمام مراحل کی ویڈیوز جیل وائز روزانہ کی بنیاد پر مجاز اتھارٹی کو دیکھانے کا پابند ہو گا اور ولس گروپ ممبران میں متعلقہ جیل کا سٹور کیپر، اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جیل اور آٹا چکی آپریٹر شامل ہوں گے جبکہ اس گروپ کے فوکل پرسن جناب شہرام توقیر خان صاحب، اے۔ آئی۔ جی (اسٹیبلشمنٹ) دفتر ہذا ہوں گے۔

ڈی۔ آئی۔ جی (ہیڈ کوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

CamScanner

سرکلر نمبر/2025/ 30

از دفتر: انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب: جملہ سپرنٹنڈنٹس جیلز صاحبان ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/شعبہ ٹھیکہ/2025/ 32898-33041 مورخہ 16-04-2025

عنوان:- **ہدایات بابت کروائے جانے لیب ٹیسٹ رپورٹس خوردنی اشیاء**

بحوالہ بعنوان بالا

مجاز اتھارٹی کے مشاہدہ میں آیا ہے کہ اشیاء خوردنی کی لوکل پرچیز کرتے وقت ان اشیاء کا پنجاب فوڈ اتھارٹی کی متعلقہ لیب سے تجزیہ نہ کروایا جاتا ہے اور خوردنی اشیاء بغیر تجزیہ کروائے اسیران میں بطور خوراک استعمال کر دی جاتی ہیں جس کی وجہ سے ان کے معیاری اور غیر معیاری ہونے کا فرق ختم ہو جاتا ہے جو کہ حفظان صحت کے اصولوں کے بھی منافی ہے مزید یہ کہ جب متعلقہ جیلوں سے اس بابت استفسار کیا جاتا ہے تو ان کی طرف سے یہ عذر پیش کیا جاتا ہے کہ ان اشیاء کی خریداری روزانہ کی بنیاد پر یا تھوڑی مقدار میں کی گئی ہے جس کی وجہ سے لیب سے تجزیہ نہ کروایا گیا ہے۔

لہذا آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ جن خوردنی اشیاء کی لوکل پرچیز کرنی درکار ہو تو استعمال سے پہلے ان کا پنجاب فوڈ اتھارٹی کی متعلقہ لیب سے تجزیہ کروانا لازمی ہوگا اور لیب رپورٹس کی کاپیاں کیسز کے ساتھ منسلک کرنا ہوں گی عدم تعمیل کی صورت میں ایسے کیسز پر مزید کاروائی نہیں ہوگی۔

سرکلر ہذا کی وصولی سے مطلع کریں۔

ڈی۔آئی۔جی (ہیڈکوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

تظہیری نمبری/شعبہ ٹھیکہ/2025/ 33042-49 مورخہ 16-04-2025

کاپی برائے اطلاع و ضروری کاروائی جملہ ڈی۔آئی۔جی۔صاحبان ہائے پنجاب مرسل ہوئے۔

ڈی۔آئی۔جی (ہیڈکوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

CamScanner

سرکلر نمبر/2025/ 31

از دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب جملہ سپرنٹنڈنٹس جیلز صاحبان ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/شعبہ ٹھیکہ/2025/ 33195-238 مورخہ 16/4/25

عنوان:- **ہدایات بابت لفٹنگ گندم محکمہ خوراک سے اور گندم کی پسائی کا عمل**

بحوالہ دفتر ہذا سرکلر نمبری 2025/29 جاری شدہ چٹھی نمبری 730-32687 مورخہ 15.04.2025 بعنوان بالا

اس ضمن میں تحریر ہے کہ درج بالا سرکلر میں مفصل ہدایات بابت لفٹنگ گندم محکمہ خوراک سے اور گندم پسائی جاری ہو چکی ہیں تاہم کچھ سپرنٹنڈنٹس صاحبان نے گندم کی کوالٹی کے حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کیا ہے جس کو مدنظر رکھتے ہوئے مجاز اتھارٹی نے درج ذیل ہدایات جاری کی ہیں جن پر من و عن عمل کو یقینی بنایا جائے:-

1۔ چونکہ جیلوں پر گندم کی دھلائی کا باقاعدہ کوئی انتظام نہ ہے لہذا گندم کی انسپکشن کرتے وقت اس بات کا خصوصی خیال رکھا جائے کہ گندم خالصتاً ملکی ہو، گندم مٹی، گرد اور دیگر عوامل سے پاک ہو، گندم کو فنگس نہ لگی ہو، کیڑے و دیگر حشرات سے خراب نہ ہوئی ہو۔

2۔ بوقت انسپکشن سیمپلنگ کی ویڈیو اور تصاویر بنائی جائیں گی جو کہ متعلقہ واٹس گروپ میں شیئر کی جائیں گی۔ مزید یہ کہ ایک عدد سیمپل دفتر ہذا میں بھی بھجوایا جائے گا۔ لیب رپورٹ کے آنے اور گندم کی لفٹنگ تک متعلقہ سنٹر پر ایک عدد وارڈر ڈیوٹی سرانجام دے گا۔ گندم کی لیب پنجاب فوڈ اتھارٹی کی مقرر کردہ لیب سے کروائی جائے گی۔

3۔ ذیل میں دی گئی جدول کے کالم نمبر 01 میں درج جیلیں کالم نمبر 02 کی جیلوں کی گندم اپنی گندم کے ساتھ لفٹ کروائیں گی (تاہم آمدورفت کے اخراجات کالم نمبر 01 میں درج جیلیں ادا کریں گی) اور گندم پسائی کر کے کالم نمبر 02 کی جیلوں کو آٹا ان کی ضرورت کے مطابق مہیا کریں گی تاہم بوقت انسپکشن کالم نمبر 02 کی جیل کا سپرنٹنڈنٹ یا اس کا نمائندہ بھی ساتھ ہوگا

| کالم نمبر 01 | کالم نمبر 02 |
|---|---|
| سنٹرل جیل میانوالی | ہائی سکیورٹی پریزن، میانوالی |
| سنٹرل جیل فیصل آباد | بورسٹل جیل فیصل آباد |
| سنٹرل جیل، ساہیوال | ہائی سکیورٹی پریزن، ساہیوال |
| سنٹرل جیل، ملتان | زنانہ جیل، ملتان اور سب جیل شجاع آباد |
| سنٹرل جیل بہاولپور | بورسٹل جیل، بہاولپور |

سرکلر ہذا کی وصولی سے مطلع کریں۔

ڈی۔آئی۔جی (ہیڈکوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

تظہیری نمبری/شعبہ ٹھیکہ/2025/ 33239-48 مورخہ 16/4/25

1۔ کاپی برائے اطلاع و ضروری کاروائی جملہ ڈی۔آئی۔جی۔ صاحبان ہائے پنجاب مرسل ہوئے۔

2۔ کاپی برائے اطلاع و ضروری کاروائی فوکل پرسن جناب شہرام توقیر خان صاحب، اے۔آئی۔جی (اسٹیبلشمنٹ) دفتر ہذا۔

ڈی۔آئی۔جی (ہیڈکوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

CS Scanned with CamScanner

CamScanner

Circular No. 32 /2025

# INSPECTORATE GENERAL OF PRISONS
# PUNJAB, LAHORE

To,

1. The DIGs Prisons,
   all Regions in the Punjab
2. The Superintendents,
   all Jails in the Punjab.

Memo No.PMIS/2025/ 33640-691
Dated, Lahore the 17-04-2025

**Subject:-** **IMPLEMENTATION OF PMIS AT PUNJAB JAILS**

It is intimated that PMIS is fully functional at Jails and Regional offices of the Punjab. In this regard, all the Superintendents of Jails as well as Deputy Superintendent (Executive), (Judicial), (Development) and Medical Officer of the Jails were directed to give certificates of their responsibilities regarding implementation of PMIS and the same has been received dully signed by the Superintendent Jail concerned and above said officers:

**DEPUTY SUPERINTENDENT (EXECUTIVE) – HRM**

(i) Deputy Superintendent (Executive) will ensure all particulars of employees from BS-01 to BS-18 / 19 (from Sweeper upto Superintendent Jail) are 100% correct, complete without any missing field in the system. After ensuring completion of all service profile (all on payroll) have given / register their biometric and snapshots.

(ii) Deputy Superintendent (Executive) will ensure duty roaster of all employees on PMIS system.

(iii) Deputy Superintendent (Executive) will also ensure biometric attendance of all staff as per duty roaster on the system

**Lock up / Lock out process**

(iv) Deputy Superintendent (Executive) will ensure lock up / lock out process and all punishments of the prisoners in the system. Daily misconduct, violations / incidents and involvement of prisoners, are updated immediately in the PMIS system when punishment / violation is reported to Incharge central tower.

(v) Deputy Superintendent (Executive) will also ensure that lock up / lock out process are done on PMIS system as per actual time of lock up / lock out as recorded on manual "Parcha".

**Store**

(vi) Deputy Superintendent (Executive) will ensure that all entries of grain godown in the stock are completed and updated on daily basis and issued through system

(vii) Deputy Superintendent (Executive) will ensure that arms & ammunition, uniform articles and medicines are updated and being processed through system and issued through system.

CamScanner

**Cash Management System through PMIS for 21 Jails**

(i) Deputy Superintendent (Executive) will ensure that manual cash deposit and canteen delivery on cash / manual "parchi" are stopped and all transactions of canteen and PCO vouchers are being carried out through computerized PMIS system. Cash management system certificate are required only for below noted 21 Jails:-

| | | |
|---|---|---|
| Central Jail, Lahore | Central Jail, Gujranwala | Central Jail, Sahiwal |
| Central Jail, Rawalpindi | Central Jail, Faisalabad | Central Jail, Mianwali |
| Central Jail, Bahawalpur | Central Jail, D.G Khan | Central Jail, Multan |
| District Jail, Faisalabad | District Jail, Lahore | District Jail, Jhang |
| District Jail, Vehari | District Jail, Kasur | District Jail, Multan |
| District Jail, Sargodha | District Jail, Sialkot | District Jail, Sheikhupura |
| District Jail, T.T Singh | District Jail, Okara | District Jail, Gujrat |

**DEPUTY SUPERINTENDENT (JUDICIAL) – Prisoners Profiles**

(i) Deputy Superintendent (Judicial) will ensure that all particulars / record of the prisoners as per Judicial warrants, conviction warrants & Judicial orders, the record of the prisoners is complete (Personal information including name & parentage, CNIC, current & permanent address, occupation, labour, religious / technical / formal education both from inside / outside Jail, training courses etc.) are updated without any field kept blank / empty in PMIS system.

(ii) Deputy Superintendent (Judicial) will ensure that all Judicial record including FIR, Police station, under section (u/s), Court name & Judge name are perfectly updated and being updated on daily basis as per any change in Judicial record.

(iii) Deputy Superintendent (Judicial) will ensure that all the appeals including mercy petitions of the prisoners are updated in the system and any update on daily basis is being recorded in the system as per actual.

(iv) Deputy Superintendent (Judicial) will ensure that all the Court productions are being ensured through PMIS system.

(v) Deputy Superintendent (Judicial) will ensure that all the release's are being carried out through system as per completion of record in the system.

(vi) Deputy Superintendent (Judicial) will also ensure that all those prisoners who are check-out more than 14 days, disposal and proceedings of such prisoners are being ensured in the system as per law.

**DEPUTY SUPERINTENDENT (DEVELOPMENT)**

(i) Deputy Superintendent (Development) will ensure that all the stock of raw material is being entered in the system.

(ii) Deputy Superintendent (Development) will ensure that prisoners labour and work assignment in the shift is being entered in the system. Cash / ledger is being managed / updated in the system.

**MEDICAL OFFICERS – STOCK & MEDICINES**

(i) Medical officer of the Jail will ensure that all the stock of medicines are being entered and updated in the system whether received from Health department, local purchase or any donation.

(ii) Medical officer of the Jail will ensure that all the medicines are being issued to the prisoners through PMIS system.

(iii) Medical officer of the Jail will ensure that all the diagnosis, treatment, test and examinations including medical chart of the prisoner are being managed through PMIS.

(iv) Medical officer of the Jail will ensure that outside visiting consultant, doctors visits and checkup of prisoners is being managed through PMIS system.

CamScanner

CamScanner

2. In view of above, the Competent Authority has been pleased to direct Regional / Central Commands i.e. DIGs / AIGs and other concerned officers to check / inspect and ensure audit of record only through PMIS of the above mentioned points / business functions during their surprise / annual inspection and routine checking. The above said electronic records be treated as official.

AIG (Establishment)
Inspectorate General of Prisons
Punjab, Lahore

Endst. No.PMIS/2025/ 33692-717 Dated, Lahore the 17-04.2025

Copy of the above is forwarded for necessary action to:-

1. DIG (Headquarters), Inspectorate General of Prisons, Punjab, Lahore.
2. DIG (Inspection), Inspectorate General of Prisons, Punjab, Lahore.
3. All AIGs, Inspectorate General of Prisons, Punjab, Lahore.
4. The Focal Person (IT Initiatives), Inspectorate General of Prisons, Punjab, Lahore.
5. The Assistant Director Personnel & (Admn), Inspectorate General of Prisons, Punjab, Lahore.
6. P.A-II & III, Inspectorate General of Prisons, Punjab, Lahore.
7. All Incharge Branches of Inspectorate General of Prisons, Punjab, Lahore.

16/04/25

AIG (Establishment)
Inspectorate General of Prisons
Punjab, Lahore

CamScanner

سرکلر نمبر/اسٹیبلشمنٹ/2025/----33----

از دفتر: انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب: جملہ ڈی آئی جی ریجنز ہائے پنجاب

جملہ سپرنٹنڈنٹ جیل ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/اسٹیبلشمنٹ/2025/ 613 - 34568 مورخہ: 19-04-2025

عنوان: **رخصت ایسٹر تہوار**

بحوالہ بعنوان بالا۔

اس ضمن میں تحریر ہے کہ مسیحی مذہب برادری اپنا مذہبی تہوار ایسٹر مورخہ 20.04.2025 بروز اتوار کو منا رہی ہے مسیحی برادری کے تہوار کی خوشی میں جناب انسپکٹر جنرل صاحب کی طرف سے ہدایت کی جاتی ہے کہ محکمہ ہذا میں مسیحی ملازمین سکیل نمبر 01 تا سکیل نمبر 11 کو دو (02) یوم رخصت اتفاقیہ از مورخہ 20.04.2025 تا 21.04.2025 بروز اتوار اور سوموار فوری طور پر منظور کی جائے اور اس سلسلہ میں صدر دفتر کو آگاہ کیا جائے۔

ڈی آئی جی (ہیڈکوارٹرز)

انسپکٹوریٹ آف پریزن پنجاب، لاہور

## فوری تعمیل/اشد ضروری

سرکلر نمبر 34 /2025

دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

Phone: 042-99200570, 99200582, 99200498
Fax: 042-37423152
E-mail: judicialbranch@gmail.com

بجانب: تمام سپرنٹنڈنٹ جیلز صاحبان جیل خانہ جات پنجاب۔

مراسلہ نمبر/JB/2025/ 35601-642 مورخہ 22/04/25

عنوان:- **تحفظ اسیران و ملازمین شدید گرمی۔**

بحوالہ عنوان بالا۔

اس ضمن میں تحریر ہے کہ محکمہ موسمیات کے مطابق گرمی کی شدت میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ لہٰذا اس سلسلہ میں ہیٹ سٹروک/لو سے بچنے کے لیے درج ذیل اقدامات فوری طور پر عمل میں لائے جائیں:

i) تمام جیلوں پر الیکٹرک واٹر کولر، چلرز اور چھت والے پنکھے درست حالت (Working Condition) میں ہوں۔ نیز جیل رولز 765 اور 769 کے تحت اسیران و ملازمین کے لیے صاف اور ٹھنڈے پانی کی فراہمی کا ہمہ وقت بندوبست کیا جائے اور اس پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے۔

ii) وہ ملازمین جو واچ ٹاور پر ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں وہاں پر بریکٹ فین اور اُن کو چھوٹے (Portable) واٹر کولر جس میں ٹھنڈا پانی اور برف ہو اور ساتھ پلاسٹک کا گلاس بھی موجود ہو کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

iii) جیل رولز 977 کو مدنظر رکھتے ہوئے اسیران کو دن میں زیادہ سے زیادہ سایہ دار جگہ پر رہنے کی ترغیب دی جائے۔

iv) کچن کو ہوادار بنانے کے لیے مناسب اقدامات کیے جائیں۔ ایگزاسٹ فین لگائے جائیں اور پہلے سے چالو ایگزاسٹ فین فنکشنل رکھے جائیں۔

v) دھوپ میں دوران مشقت اسیران کو Umbrella Hat پہنائی جائے۔

vi) اسیران کی نگرانی پر مامور اہلکاران کو بھی Umbrella Hat پہنائی جائے تاکہ اسیران و ملازمین کو شدید گرمی/ہیٹ سٹروک سے بچایا جا سکے۔

vii) جیل ڈاکٹر موسمی حالات کے مطابق مقامی طور پر ہدایات دیں اور راہنمائی کریں جس میں شدید گرمی سے بچاؤ کی تدابیر شامل ہوں۔

CS CamScanner

تمام سپرنٹنڈنٹ جیل صاحبان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مندرجہ بالا ہدایت کی letter & spirits تعمیل کی جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی نہ اختیار کی جائے۔

اے آئی جی (جوڈیشل)

انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

پنجاب لاہور

تظہیری نمبری/JB/2025/ 35643-52 مورخہ 22/04/25

نقل برائے اطلاع و ضروری کاروائی:۔

1۔ جناب سیکریٹری صاحب (داخلہ) حکومت پنجاب، سول سیکریٹریٹ لاہور۔

2۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات راولپنڈی، لاہور، فیصل آباد، ملتان، ساہیوال، سرگودھا، بہاولپور اور ڈیرہ غازی خان ریجنز حکومتی و ہیڈ آفس کی طرف سے جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، اپنی متعلقہ جیلوں کے دورے کریں، اور تعمیل کی بابت رپورٹ انسپیکٹوریٹ ہذا کو ارسال کریں۔

اے آئی جی (جوڈیشل) 22/4/25

انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

پنجاب لاہور

CamScanner